
NEW ERA MAGAZINE
آدھی ملاقات
*سمرین ناز کے ساتھ*
NEW ERA MAGAZINE
نوا عباس
www.neweramagazine.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آدھی ملاقات

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

## ”سمرین ناز“ کے ساتھ

السلام علیکم۔۔۔

میں ہوں (ماہم) نیوایرا میگزین کے نئے سلسلے ''آدھی ملاقات'' میں آپ سب کو خوش آمدید ..

آج ہم آپ کی جس لکھاری سے ملاقات کروانے جارہے ہیں وہ تقریبا سوشل لکھاریوں میں سے سب کی پسندیدہ لکھاری ہیں جن کو آپ اور ہم سب سوشل لکھاری کے طور پر پڑھتے ہیں ایک لکھاری کا لکھا ہوا ہر لفظ اس کی پہچان ہوتا ہے ایسے ہی انہوں نے اپنے لفظوں اور اپنی کہانیوں سے سب کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے اور آج انہیں کون نہیں جانتا جی ہاں ہم بات کررہے ہیں

# "سمرین ناز"

کی آیئے آج ہم ان سے کچھ باتیں کرتے ہیں اور ان کے بارے میں جانتے ہیں۔

سوال. اسلام علیکم کیسی ہیں آپ؟

جواب: وعلیکم السلام، اللہ تعالیٰ کا کرم ہے۔۔
آپ کیسی ہیں۔۔؟؟

سوال. آپ اپنے بارے میں اور اپنی فیملی کے بارے میں کچھ بتائیں؟

جواب: ہم تین بہنیں اور ایک بھائی ہیں، میں سب سے چھوٹی ہوں۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. آپ اپنی ہابیز اور پسند ناپسند کے بارے میں بتائیں؟

جواب: ہابیز: میں اچھی کتابیں پڑھنا اور اپنی نا ختم ہونے والی باتوں سے گھر میں سب کا دل لگا کے رکھنا۔۔
مجھے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی ہر چیز پسند ہے اور جب ہم اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ہر چیز کو پسند کرتے ہیں پھر کسی بھی بات میں، کسی بھی چیز میں ہمیں ناپسندیدگی نہیں لگتی۔۔

سوال.مزاجاً کیسی ہیں آپ؟

جواب: شوخ، چنچل، باتونی سی ہوں لیکن سنجیدگی کو بھی اپنے ساتھ لے کے چلتی ہوں۔۔

سوال. سادگی پسند ہے یا بننا سورنا؟

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جواب: مجھے دونوں پسند ہیں۔۔اگر ہم خود کے لئے بنیں گے سنوریں گے نہیں تو اپنی زندگی کے خوبصورت رنگوں سے کبھی روشناس نہیں ہو سکیں گے۔۔
سادگی میں بھی اپنے خوبصورت رنگ ہیں۔۔
سادگی اور شوخی کے خوبصورت رنگوں کو ہمیں اپنی زندگی میں خود ڈھونڈنا ہے۔۔

سوال. آپ کی تعلیم کیا ہے؟

جواب: میں نے انٹر کیا ہے۔۔

سوال. آپ کہاں رہتی ہیں؟

جواب: میں کراچی میں رہتی ہوں۔۔

سوال. لکھنے کی جانب کیسے آئیں؟ سفر کیسے شروع ہوا؟

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جواب: مجھے لکھنے کا شوق بچپن سے تھا لیکن میں نے کبھی نہیں لکھا تھا۔۔ جیسے ہر چیز کا وقت مقرر ہوتا ہے ایسے ہی میرے اس سفر کا وقت اس وقت شروع ہوا جب، ایک دن میرے دل نے مجھ سے کہا کے لکھا جائے اور بس پھر ایسے میرے لکھنے کے سفر کا آغاز ہوا۔۔

سوال پہلی تحریر کونسی تھی؟

جواب: "میرا احباب میری زینت۔۔ "

سوال. جب لکھنا شروع کیا تو گھر والوں کا کیا ردِ عمل تھا؟ سپورٹ کی یا مخالفت؟

جواب: پہلے سب حیران ہوئے تھے کیونکہ میں نے یہ بات ظاہر نہیں کی تھی کے میں لکھنا چاہتی ہوں لیکن بعد میں میرا شوق، میری قلم سے لگن دیکھ کے اب سب سپورٹ کر رہے ہیں۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. آپ کب سے لکھ رہی ہیں؟

جواب: 27 دسمبر 2019..

سوال. کیا آپ ہمیشہ مصنفہ بننا چاہتی تھی؟

جواب: سچ بتاؤں تو شروع میں بچوں کے بہت سارے خواب ہوتے ہیں کے کسی کو ڈاکٹر بننا ہے، کسی کو پائلٹ بننا ہے لیکن میں ہمیشہ سے ایک اچھی انسان بننا چاہتی ہوں۔۔

سوال. آپ کی رائے میں، اچھی تحریر کے سب سے اہم عناصر کیا ہیں؟

جواب: ایسی تحریر جس کا شروع میں ہی پتا چل جائے کے ایک سبق آموز تحریر شروع ہونے جا رہی ہے، ایسی تحریر جو بے حیائی سے پاک ہو، ایسی تحریر جس کے شروع ہوتے ہی انسان اس کے سحر میں جکڑ جائے، ایسی تحریر جس سے انسان کے اندر سے اس کی ان دیکھی برائیاں صاف ہونی شروع جائیں اور ساتھ ہی کچھ اچھا کرنے کا جذبہ بھی پیدا ہو۔۔ میری رائے میں اچھی تحریر کے اہم عناصر یہ ہیں۔۔

سوال. آپ اپنے پلاٹ اور کردار کو کس طرح تیار کرتی ہیں؟ پہلے کیا آتا ہے پلاٹ یا کردار..

جواب: سب سے پہلے میرے ذہن میں ایک سبق آتا ہے کہ میں نے یہ سبق دینا ہے، اس کے بعد ہر کردار اپنے آپ ہی وجود میں آتا ہے اور ایسے میں ایک کردار سے دوسرے کردار پے جا کے میں کہانی اپنے ذہن میں بن لیتی ہوں۔۔

سوال. آپ نے پہلی بار خود کو مصنفہ کب سمجھا؟

جواب: اکتوبر 2019 میں، اس وقت کچھ باتیں میرے ذہن میں آئیں تھیں اور میں نے وہ باتیں ڈائری میں لکھ لیں تھیں جواب " میرا احجاب میری زینت" افسانے کی صورت میں آپ کے سامنے ہیں۔۔

سوال. دن کے کس وقت آپ عام طور پر لکھتی ہیں؟

جواب: میں کبھی کبھی شام کے وقت لکھتی ہوں ورنہ زیادہ تر آدھی رات کو سکون سے لکھتی ہوں۔۔

سوال. کیا آپ اپنے قارئین سے بہت کچھ سنتے ہیں؟ وہ آپ کی تحریروں کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: الحمداللہ، مجھے بہت اچھے قارئین ملے ہیں۔۔سب سے ہمیشہ پزیرائی اور حوصلہ ملا ہے۔۔

سوال. عام طور پر، آپ لکھنے میں کتنا وقت گزارتی ہیں؟

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsanay|Articles|Books|Poetry|Interviews

جواب: روزانہ ڈیڑھ سے دو گھنٹے لیکن کبھی کبھی آدھا دن اور ساری رات بھی گزر جاتی ہے۔۔

سوال. آپ نے کتنے ناولز لکھے ہیں؟ آپ کا پسندیدہ کون سا ہے؟

جواب: میں نے ابھی تک ایک افسانہ اور ایک ناول مکمل لکھا ہے، آج کل میں اپنا دوسرا ناول "تمہیں چاہا ہے تمہیں چاہیں گے۔۔" لکھ رہی ہوں۔۔

میرا پسندیدہ ناول "دلوں کا سفر۔۔" ہے کیونکہ ابھی یہ ایک ناول ہی کمپلیٹ ہوا ہے۔۔

سوال. آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیا آپ کا پسندیدہ کردار ہے جو آپ نے لکھا ہے؟ اگر ایسا ہے تو، کون؟ اور انہیں کیا خاص بنا دیتا ہے؟

جواب: مجھے اپنے لکھے ہوئے سارے کردار بہت پسند ہیں کیونکہ میں نے ہر کردار کو اس کے ساتھ اس کی زندگی کو جیا ہے، اس کے جذبات، احساسات۔۔ میں نے ہر چیز ایسے محسوس کی ہے جیسے وہ مجھ پے گزر رہی ہے۔۔

سوال. اپنی پہلے ناول کے بارے میں بتائیں؟ سفر کیسا تھا؟

جواب: میرا پہلا ناول "دلوں کا سفر۔۔" جو کے آرمی بیسڈ ہے۔۔ !!

دلوں کے سفر میں میرا سفر بہت اچھا رہا، ہر رشتے کی عزت کرنا، اسے دل سے جینا، مجھے لکھتے ہوئے بہت مزہ آیا تھا۔۔ لیکن جیسے ہر راستے پے چلتے ہوئے بہت سارے موڑ، بہت ساری رکاوٹیں آتی ہیں، ایسے ہی "دلوں کے سفر۔۔" میں بھی بہت ساری

روکاٹیں آئیں لیکن میرے استادِ محترم "ظفر خان۔۔"جب سے میں نے لکھنے کا سوچا ہے اس وقت سے میرے ساتھ ہیں۔۔کہتے ہیں کے انسان کو اچھے استاد مل جائیں تو اس کی زندگی سے بہت سی مشکلات ختم ہو جاتی ہیں، کیونکہ آپ کے استاد بغیر کسی صلے کے آپ کو ایک اچھا اور کامیاب انسان دیکھنا چاہتے ہیں، آپ کے اندر چھپے آپ کے ٹیلنٹ کو باہر لانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں جو کے بلکل صحیح بات ہے کیونکہ میں "الحمداللہ ثمہ الحمداللہ۔۔"ان شاگردوں میں سے ہوں جسے ایک اچھے استاد ملے جو میری ہر جگہ ہر وقت اصلاح کرتے ہیں،"دلوں کا سفر۔۔"کو بیچ میں چھوڑنے لگی تھی کیونکہ اس وقت کچھ باتوں کی وجہ سے میں خود سے مایوس ہونے لگی تھی لیکن اس وقت سر ظفر کے سمجھانے پے میں نے کچھ دن کا بریک لے کے دوبارہ لکھنا شروع کیا تھا اور یقین کیجیئے میں پہلے سے زیادہ پیشن کے ساتھ لکھتی ہوں اب، اور " الحمداللہ۔۔"میں اب خود سے بلکل بھی مایوس نہیں ہوتی۔۔!!!

میری دل سے دعا ہے کے سر ظفر کا سایہ ہم سارے سر ظفر کے سٹوڈنٹس پے ہمیشہ سلامت رہے، سر ظفر کو زندگی کی ہر خوشی ملے، سر ظفر کی ہر جائز دعا ان کے دل سے نکلنے سے پہلے عرش پے قبول ہو۔۔!!!(آمین ثمہ آمین۔۔!!)

سوال. آپ کا پسندیدہ مصنف کون ہے اور کیوں ؟اب آپ کیا پڑھ رہی ہیں ؟فی الحال ایسی کونسی کتاب ہے جسے آپ پڑھنا چاہتی ہیں ؟

جواب: نمرہ احمد، فرحت اشتیاق، نگہت الطاف، فریال خان، آنا الیاس۔۔ان کے علاوہ اور بھی بہت ساری مصنیفہ مجھے پسند ہیں، جو معیاری باتیں لکھتے ہوئے ناصرف اپنے قلم بلکہ اردو ادب کے ساتھ بھی انصاف کر رہی ہیں۔۔میں نمل ناول پڑھنا چاہتی ہوں لیکن وقت کی کمی کے باعث ابھی شروع نہیں کیا ہے۔۔

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. آپ کس مشہور مصنف کی خواہش کرتے ہیں کہ آپ اپنا سرپرست بنیں؟ اگر آپ کسی کامیاب مصنف سے ان کی تحریری، تحریری عمل یا کتابوں کے بارے میں تین سوالات پوچھ سکتے ہیں تو وہ کیا ہو گا؟

جواب: میں نمرہ احمد کو اپنا سرپرست بنانا چاہوں گی۔۔
میرے تینوں سوال نمرہ احمد سے ہی ہونگے۔۔
بہارے گل اور عائشے گل اب کہاں ہیں۔۔؟؟

ولید لغاری اور ارم کے ساتھ تایا ابو نے کیا کیا۔۔؟؟

جیسے کے نمرہ احمد کہتی ہیں کے میجر جہان سکندر احمد ایک افسانوی کردار نہیں بلکہ حقیقی کردار ہیں تو نمرہ ہمیں میجر جہان کب دکھائینگی۔۔؟؟

سوال. کامیابی آپ کے لئے کیا معنی رکھتی ہے؟

کامیابی کی تعریف کیا ہے؟ کیا آپ کا کل وقتی کیریئر لکھنا ہے؟ یا وہ جو آپ چاہیں گی؟

جواب: اپنی خامیوں کے ساتھ صبر اور شکر سے مطمئین ہو کے زندگی کو جینا میرے لئے بہت معنی رکھتا ہے اور میرے لئے انسان کی اصل کامیابی یہی ہے۔۔جی، میرا کل وقتی کیریئر لکھنا ہے۔۔

سوال. کوئی ایسی ساتھی رائیٹر جس کا کام آپ کو بہت پسند آیا ہو اور آپ سمجھتی ہیں کہ وہ بہت اچھا لکھ رہی ہیں؟

جواب: میری ساری ساتھی رائیٹرز اپنے حصے کا کام باخوبی سرانجام دے رہی ہیں، سب اچھا لکھ رہی ہیں۔۔

سوال. شاعری میں کس کس کو پڑھتی ہیں کس کا کلام پسند ہے کوئی فیورٹ شاعر؟ اپنی کوئی فیورٹ شاعری جو شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

جواب: مجھے شاعری میں زیادہ دلچسپی نہیں تھی لیکن اب ہے اور میں فریال خان کی شاعری شوق سے پڑھتی ہوں۔۔!!!

NEW ERA MAGAZINE
.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

نہ مجھے سالار کی تمنا ہے نہ آرزو ہے جہاں کی
مجھے تلاش ہے بس اپنے جیسے ایک انسان کی

کیونکہ نہ میں امامہ ہوں نہ حیا ہوں جہاں کی
نہ ہی میں زُمر ہوں نہ امراحہ ہوں عالیان کی

میں زندہ ایک حقیقت ہوں اپنے رب رحمان کی
یہ کردار تو تخلیق تھی ایک عام سے انسان کی

پر میں اور وہ تخلیق ہیں اپنے رب رحمان کی
تخلیقِ رحمان کے آگے کوئی اوقات نہیں تخلیقِ انسان کی

از قلم فریال خان !!!...

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال۔ کوئی ایسی تحریر جس کو بار بار پڑھا ہو؟

جواب: نمرہ احمد کا ناول جنت کا پتے میں نے اب تک تین بار پڑھا ہے۔۔

سوال۔ایک لکھاری کا کیا فرض ہے؟

جواب: ہر لکھاری کا فرض اپنے قلم کا حق ادا کرنا ہے۔۔ لکھاری ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت پیاری صلاحیت ہے، کے اپنے الفاظوں میں زندگی کے اتار چڑھاو کو بیان کرنا یہ سب قدرتی ہوتا ہے۔۔ ہر انسان اپنی زندگی سے، دوسروں کی زندگی سے بہت کچھ سکھتا ہے اور اس سکھے ہوئے کو قلم کے ذریع اتارنا یہ قلم کا بہت بھاری فرض ہے جس کا حق ادب کے دائرے میں رہ کے لکھ کے ادا کرنا ہے۔۔

سوال۔ اگر آپ کو اپنے آپ کو تین الفاظ میں بیان کرنا ہو تو وہ کیا ہو گا؟

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جواب: ادنیٰ سی بندی۔۔

سوال۔ اگر آپ کو دنیا گھومنے کا موقع ملے تو آپ کہاں جانا پسند کریں گی؟

جواب: ترکی۔۔

سوال۔ اگر آپ کسی کو دعوت پر بلائیں تو کیا کھانا بنائیں گی۔؟

جواب: بریانی۔۔

سوال. بچپن کی کوئی شرارت یا کوئی یاد جو آپ بتانا چاہیں اپنے فینز کو؟

جواب: کچھ مہینے پہلے کی بات ہے۔۔ میں نے اپنی اپّی کی برات کے دن رخصتی کے وقت کزن کے ساتھ مل کے زور زور سے رخصتی کے گانے گانے شروع کر دیئے تھے لیکن مجھے رونے کی جگہ اپنے گانا گانے پے ہنسی آ رہی تھی اور میری اس بات پے سب نے کافی ریکارڈ لگایا تھا کے، میں پہلی بہن ہوں جو اپنی بڑی بہن کی رخصتی پے رونے کی جگہ ہنس رہی ہے اور اس بات کو سب ابھی بھی انجوائے کرتے ہیں۔۔

سوال. کس رائیٹر کو آپ فالو کرتی ہیں آج کل کس رائیٹر کو پڑھ رہی ہیں؟

جواب: معیاری رائیٹرز کو مطلب کے اخلاقیات کے دائرے میں لکھنے والے رائیٹرز کو فالو کرتی ہوں اور آج کل میں بس خود کو ہی پڑھ رہی ہوں۔۔

سوال. حال ہی میں آپ نے کونسی اور کس رائیٹر کی کتاب پڑھی ہے اور اس میں کیا سیکھنے کو ملا؟

جواب: حال ہی میں، میں نے فرحت اشتیاق کا "جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو۔۔" پڑھا ہے اور اس ناول میں سکندر شہریار کے کردار نے مجھے بتایا ہے کے عورت ہی نہیں بلکہ مرد کی ذات بھی کس حد تک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو سکتی ہے لیکن جب اس پے یقین کیا جائے تو وہ بھی ایک نارمل زندگی گزار سکتا ہے۔۔

سوال. اگر آپ رائیٹر نہ ہوتی تو کیا ہوتی؟

جواب: سائکاٹریسٹ۔۔

سوال. آپ نے اپنی پہلی تحریر کون سے پلیٹ فارم پر دی؟

جواب: میں نے اپنی پہلی تحریر کلاسک اردو مٹیریل پر دی تھی۔۔

سوال. اپنی لائف کا کوئی فنی یا انٹرسٹنگ واقع جو آپ اپنے فینز سے شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

جواب: کچھ سال پہلے کی بات ہے کے میں نے اپنی اپّی کا دوپٹہ چھپادیا تھا اور گراؤنڈ فلور سے فرسٹ فلور پے اپّی کے پانچ چکر لگوا کے پھر دیا تھا، اس کے بعد اپّی کا غصہ اور میرا بھاگنا سمجھ سکتے ہیں آپ لوگ۔۔

سوال. زندگی کیا ہے؟

جواب: زندگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہترین تحفہ ہے، اللہ تعالیٰ کی امانت ہے، خود کو چاہے کسی انسان کے لئے بھی دکھ پہنچانا مطلب کے اللہ تعالیٰ کی امانت میں خیانت کرنا ہے۔۔

سوال. زندگی کا کل اثاثہ؟

جواب: اپنے ظاہر ہی نہیں بلکہ باطن کو بھی نکھارنا، کوئی بھی انسان مکمل نہیں ہے لیکن اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نا پہنچانا بلکہ خوشی دینا یہ زندگی کا بہترین اثاثہ ہے۔۔

سوال. زندگی کا سب سے عزیز رشتہ؟

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جواب: والدین۔۔

سوال. محبت پر یقین رکھتی ہیں؟

جواب: مجھے محبت پے بہت زیادہ یقین ہے۔۔
میں سمجھتی ہوں کے اگر محبت نہیں ہے تو انسان میں زندگی ہی نہیں ہے۔۔انسان خود کے لئے نہیں بلکہ اپنے آپ سے جڑے رشتوں کے لئے جیتا ہے اور ایسا تب ہی ہوتا ہے جب اسے اپنے رشتوں سے محبت ہوتی ہے۔۔

سوال.دوستی کیا ہے؟

جواب: بھروسے کا دوسرا نام دوستی ہے۔۔

سوال.آپ اپنے مسائل کس سے شئیر کرتی ہیں؟

جواب:اپنی مما اور بیسٹ فرینڈ سے۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. کس چیز سے شدید نفرت ہے؟

جواب:الحمداللہ،شدید تو کیا بلکہ مجھ میں کسی سے بھی کرنے کے لئے نفرت ہی نہیں ہے، نفرت انسان میں منفی سوچ اور اچھے مقاصد کو راستے سے ہٹانے کا ذریع بنتی ہے۔۔زندگی میں سکون،خوشی اور امن کے لئے سب سے زیادہ ضروری چیز نفرت سے دوری ہے۔۔

سوال۔اچھی یا بُری خبر سب سے پہلے کسے سُناتی ہیں؟

جواب: مما اور بیسٹ فرینڈ کو۔۔

سوال۔کوئی ایسی بات جس پر پچھتاوا ہو؟

جواب: الحمداللہ، کوئی بھی نہیں۔۔

سوال۔کوئی ایسی بات جس پر چِڑ ہو؟

جواب: بیسٹ فرینڈ کا مذاق میں میری سیریس باتوں کو بھی کہانی کہ کے تنگ کرنا، مجھے اس وقت اس سے شدید چڑ ہوتی ہے۔۔

سوال۔ آپ کی اچھی یا بُری عادتیں؟

جواب: میری بری عادت یہ ہے کے مجھے غصہ بہت جلدی آجاتا ہے اور اچھی عادت یہ ہے کے جتنی جلدی آتا ہے اتنی ہی جلدی چلا بھی جاتا ہے۔۔

سوال. کسی کی بری بات یا بری عادت دیکھتی ہیں تو منہ پر کہہ دیتی ہیں یا نہیں یا پھر بس دل میں غصہ کرتی ہیں؟

جواب: اگر اس وقت فوراً روکنے والی ہو تو اسی وقت روک دیتی ہوں لیکن بعد میں سمجھائی جا سکے تو بعد میں کہہ دیتی ہوں، کسی کے جھوٹ کہنے پے غصہ آتا ہے اور دل میں کچھ نہیں رکھتی۔۔اگر میں کسی کو نہیں روک سکتی، اسے کچھ کہہ نہیں سکتی پھر بھی اس انسان کے لئے دل میں بدگمانی نہیں رکھتی۔۔

سوال. غصہ آتا ہے اور کس بات پر سب سے زیادہ غصہ آتا ہے؟

جواب:لوگوں کے جھوٹ کہنے پے غصہ آتا ہے اور جب کوئی بات یا کام میرے سامنے ہوا ہو اور اس کو کسی تیسرے انسان کے سامنے جھوٹ بتایا جائے تب مجھے بہت زیادہ غصہ آتا ہے۔۔

سوال. کسی کو کوئی نصیحت کرنی ہو تو کیا کریں گی؟

جواب: خود میں احساس رکھیئے، درد رکھیئے، ہمدردی رکھیئے ان سب سے انسان میں انسانیت زندہ رہتی ہے، رشتوں میں محبت رہتی ہے۔۔

سوال. موسم کونسا پسند ہے؟

جواب: بہار کا موسم۔۔

سوال. فارغ اوقات میں کیا کرتی ہیں؟

جواب: آسمان کو دیکھتی ہوں، مجھے آسمان کو دیکھنا بہت پسند ہے۔۔

سوال. آج کل کیا مصروفیات ہیں؟

جواب: میرا دوسرا ناول چل رہا ہے۔۔ "تمہیں چاہا ہے تمہیں چاہیں گے۔۔" اس پے محنت کر رہی ہوں۔۔

سوال. آپ ابھی کتنے پلاٹس آئیڈیاز پر کام کر رہی ہیں کیا آپ ہمیں اپنے فیوچر پراجیکٹس کے بارے میں کچھ بتانا چاہیں گی؟

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interview

جواب: فلحال تو میں کچھ نہیں بتا سکتی سوائے اس کے، کے آنے والا کل انشاءاللہ بہت کچھ نیاء لے کے آئے گا بس، آپ سب کی خاص دعاؤں کی ضرورت ہے۔۔

سوال. اور آخر اپنے ریڈرز کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب: ہم سوشل میڈیا رائیٹرز بغیر کسی معاوضے کے دن رات ایک کر کے آپ لوگوں کے لئے لکھتے ہیں، جہاں ہم پوری قسط لکھتے ہیں وہیں آپ لوگوں کا بھی حق بنتا ہے کے کم سے کم دو لائنز میں تو بتا دیا کیجیئے کے آپ کو کون سا کردار اچھا لگا، کس کا ڈائلاگ اچھا لگا یا قسط کیسی لگی۔۔؟؟ آپ سب کی قیمتی رائے ہی ہمارا معاوضہ ہے۔۔

سوال۔ نیوایرا میگزین کے بارے میں کوئی سے تین مثبت نکات بتائیے۔

جواب: نیوایرا میگزین نے ہمیشہ بہترین لکھاریوں چاہے وہ نئے ہو یا پرانے ان کے معیاری کام کو ترجیح دی ہے۔۔

نیوایرا میگزین نے کبھی کسی لکھاری کی کسی بھی تحریر میں بلاوجہ خود سے کوئی ردوبدل نہیں کیا ہے۔۔

نیوایرا میگزین نے لکھاریوں کا کام ہمیشہ وقت پہ ان کے قارئین تک پہنچایا ہے۔۔

سوال۔ نیوایرا میگزین میں بہتری لانے کیلیئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

جواب: نیوایرا میگزین اپنا کام بہترین انداز میں انجام دے رہی ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کے نیوایرا میگزین اسی طرح رائیٹرز کی حوصلہ افزائی کرتی رہے اور کامیابی نیوایرا میگزین کے ایک ایک فرد کا مقدر بنے۔۔(آمین ثمہ آمین۔۔!!!)

*************

جی تو ناظرین و حاضرین و سامعین و قارئین مجھے تو سمرین ناز کے بارے میں بہت کچھ جاننے کو ملا ہے اور ساتھ ہی ساتھ بہت لطف بھی آیا یقیناً آپ کو بھی بہت لطف آیا ہو گا۔ ہم سمرین ناز کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمارے لیے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکالا اور ہمیں اپنے بارے میں جاننے کا موقع دیا۔اس کے ساتھ ہی ہم اپنی آج کی آدھی ملاقات کا اختتام کرتے ہیں اب ہم جلد ہی ان شاءاللہ پھر حاضر ہوں گے کسی اور مصنف/مصنفہ کے ساتھ۔اب ہمیں اجازت دیجئیے۔

اللہ حافظ

ادارہ: نیوایرا میگزین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ختم شد

ہمیں اپنی ویب نیوایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تواردو میں ٹائپ کرکے مندرجہ ذیل ذرائع کااستعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشااللہ آپ کی تحریرایک ہفتے کے اندراندرویب پرپوسٹ کردی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کااستعمال کرسکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیوایرا میگزین

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews